ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن)

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) کیا ہے؟

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) ایک انتہائی طرز کا دوسری زبان کے طور پر فرانسیسی زبان (فرینچ ایز اے سیکنڈ لینگویج) کا پروگرام ہے جو کنڈر گارٹن میں شروع ہوتا ہے اور گریڈ 12 تک جاری رہتا ہے۔ گریڈز جے کے (JK) سے 3 تک تمام درجات کی سرگرمیاں فرانسیسی زبان میں چلائی جاتی ہیں۔ ایک خصوصی مہارت کا مضمون (مثلاً صحت اور جسمانی تعلیم(ہیلتھ اینڈ فیزیکل ایجوکیشن)) انگریزی زبان میں پڑھایا جاسکتا ہے۔ گریڈ 4 سے8 میں، پروگرام کو 50% فرانسیسی زبان میں اور 50% انگریزی زبان میں پڑھایا جائے گا۔

کون درخواست دے سکتا ہے؟

صرف ستمبر 2022 میں، جو بچے ***جونیئر کنڈرگارٹن یا سینئر کنڈرگارٹن*** میں داخل ہوں گے، وہ ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) کے لئے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

ستمبر 2023 کے منتظر، ابتدائی فرانسیسی ایمرشن (ارلی فرینچ ایمرشن) کا واحد نقطۂ داخلہ جونیئر کنڈرگارٹن ہوگا۔

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن (ارلی فرینچ ایمرشن) کس کے لئے ہے؟

✓ ایسے خاندانوں کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جو گھر پر فرانسیسی کے بجائےکوئی دوسری زبان بولتے ہیں۔

✓ ہمیں پختہ طور پر یقین ہے کہ تمام طلباء دوسری زبان سیکھنے کے اہل ہیں لہٰذا اس پروگرام میں تمام سیکھنے کے انداز اور زبان کے پس منظر کے طالب علموں کا استقبال کیا جاتا ہے اور ان کی حمایت کی جاتی ہے۔

✓ ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) پروگرام ان تمام خاندانوں کے لئے موزوں ہے جو فرانسیسی زبان میں مہارت حاصل کرنے کے مواقع میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) پروگرام کے فوائد

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) پروگرام کسی بھی زبان کے پس منظر کے طلبا کو فرانسیسی زبان میں اعلی درجے کی مہارت پیدا کرنے کا موقع دیتا ہے۔ اس طریقے سے دوسری زبان کا مطالعہ طلباء کو بہت سارے دیگر فوائد فراہم کرتا ہے جن میں شامل ہیں:

✓ دوسری زبان میں تعلیم حاصل کرنا، غالب زبان میں طلباء کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے طور پر ثابت ہوا ہے۔

✓ زبان سیکھنا دیگر ذہنی صلاحیتوں کے فوائد جیسے اعلی طرز کے سوچنے اور سیکھنے کی مہارتوں کی پیش کش کرتا ہے جسے طلباء اپنی تعلیم کے تمام شعبوں میں استعمال کرتے ہیں۔

✓ ایک سے زیادہ زبان میں مہارت طلباء کو ان کے مستقبل کے لئے مواقع پیش کرتی ہے اور مختلف ثقافتوں اور شناختوں سے آگاہی کو فروغ دیتی ہے۔

✓ دو لسانی طلباء مجموعی طور پر مضبوط مواصلات کی مہارت حاصل کرتے ہیں اور زیادہ آسانی سے اضافی

درخواست سے متعلق معلومات

ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) پروگرام اور درخواست کے عمل سے متعلق معلومات کے لئے ، براہ کرم ملاحظہ کریں **www.tdsb.on.ca/French**

فی الحال، ابتدائی فرانسیسی ایمرشن(ارلی فرینچ ایمرشن) پروگرام کے لئے درخواست کی مہلت کی مدت ہر سال **نومبر کے مہینے** میں ہوتا ہے۔ کسی مخصوص سال کے لئے درخواست کی آخری تاریخ سے متعلق معلومات کے لئے براہ کرم ستمبر کے شروع میں ویب سائٹ سے رجوع کریں۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ جب کہ پروگرام میں جگہ سے متعلق تمام اہل وقتی درخواست دہندگان کو ضمانت دی جاتی ہے، لیکن کسی خاص اسکول میں تقرری کی ضمانت **نہیں** ہے۔

www.tdsb.on.ca/French